سوال

امام مہدی کون ہیں؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام مہدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد میں سے نیک شخص ہوں گے۔ آپ قرب قیامت آئیں گے اور زمین میں عدل وانصاف قائم کریں گے۔ آپ کا نام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر محمد بن عبداللہ مہدی، یا احمد بن عبداللہ مہدی ہوگا۔ آپ تب ظاہر ہوں گے، جب لوگ بہت بگڑ چکے ہوں گے اور ہر طرف ظلم وزیادتی کا راج ہوگا۔

امام مہدی کے بارے میں رسول اللہ ﷺ سے بہت سی احادیث مروی ہیں، چند ایک احادیث ذیل میں ذکر کی جاتی ہیں۔

سیدنا عبداللہ بن مسعودؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

لَوْلَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمٌ، لَطَوَّلَ اللَّهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ، حَتَّى يَبْعَثَ فِيهِ رَجُلًا مِنِّي، أَوْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي، يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي، وَاسْمُ أَبِيهِ اسْمَ أَبِي، يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا (سنن أبي داود، كتاب المهدي: 4282، سنن ترمذي، أبواب الفتن عن رسول الله صلى الله عليه وسلم: 2230) (صحيح)

اگر دنیا (کے فنا ہونے) میں ایک دن بھی باقی ہوا، اللہ اس دن کو لمبا کر دے گا حتیٰ کہ اللہ اس میں ایک آدمی کو اٹھائے گا جو مجھ سے ہوگا یا میرے اہل بیت میں سے ہوگا، اس کا نام میرے نام اور اس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام جیسا ہوگا۔ وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے کہ ظلم وزیادتی سے بھری ہوئی ہوگی۔

سیدنا علیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

الْمَهْدِيُّ مِنَّا أَهْلَ الْبَيْتِ يُصْلِحُهُ اللَّهُ فِي لَيْلَةٍ (سنن ابن ماج، كتاب الفتن: 4085) (صحيح)

مہدی ہم میں سے، یعنی اہل بیت میں سے ہے۔ اللہ اسے ایک رات میں درست فرمائے گا۔

سیدنا ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

الْمَهْدِيُّ مِنِّي، أَجْلَى الْجَبْهَةِ، أَقْنَى الْأَنْفِ، يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا وَظُلْمًا، يَمْلِكُ سَبْعَ سِنِينَ (سنن أبي داود، كتاب المهدي: 4285) (صحيح)

مہدی مجھ سے (میری نسل سے) ہوگا اس کی پیشانی فراخ اور ناک بلند ہوگی، زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے کہ ظلم وزیادتی سے بھری ہوگی اور سات سال تک حکومت کرے گا۔

واللہ أعلم بالصواب